© rasailojaraid.com

م۔ا۔ف

# تبصرہ کتب

زاد آخرت (تین حصے) مؤلف: حاجی سرفراز خان پیر پیادی

ضخامت حصہ اول: ۲۸۶ صفحات حصہ دوئم: ۳۳۶ صفحات حصہ سوئم: ۱۶۳ صفحات

قیمت: مفت تقسیم ملنے کا پتہ: حاجی سرفراز خان سابق آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس آفیسر سول کوارٹرز پشاور

زیر تبصرہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے، پہلا حصہ دعوت وتبلیغ کے معروف ارکان کے متعلق ہے اس میں کل چھ ابواب ہیں۔ باب اول ایمان ویقین، باب دوم نماز، باب سوم علم وذکر، باب چہارم اکرام مسلم، باب پنجم اخلاص، اور باب ششم دعوت تبلیغ۔ دوسرا حصہ حیات طیبہ اعجاز قرآن حسنات وسیئات اسلاف کے کارنامے اسلام کی امتیازی شان، اور امت کی مقہوری اور خستہ حالی کے اسباب۔ یہ حصہ کل سات ابواب پر مشتمل ہے، باب اول ہمارا رسول اللہ ﷺ باب دوئم انسان کی حقیقت اور قرآن سے رہنمائی، باب سوئم طاعات وحسنات، باب چہارم سیات و مذاکرات، باب پنجم دین اسلام کی امتیازی شان، باب ششم انبیا کرام اور واجب الاحترام اسلاف کے قابل ذکر کارنامے باب ہفتم مجبور ومقہور کیوں ہے۔ حصہ سوئم اسلام میں خواتین کا مقام وکردار کے حوالے اور عنوان سے ہے۔

حاجی سرفراز صاحب نے انتہائی محنت اور انتھک جدوجہد سے ہزارہا صفحات کو کھنگال کر یہ بیش قیمت سوغات اردو دان طبقہ کے لئے تیار کیا ہے۔ جس میں دین ومعاشرت اور موجودہ حالات کے متعلق تمام ضروری احوال انتہائی بسط وتفصیل کے ساتھ مذکور ہیں، کتاب کی زبان بہت ہی سہل دلنشین اور عام فہم ہے، مگر اس کے ساتھ ساتھ اس میں ادبی چاشنی بھی موجود ہے۔ جابجا موقعہ ومحل کی مناسبت سے اردو، اور فارسی کے برجستہ اشعار ذکر کئے گئے ہیں۔ اس کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انتہائی قلیل مدت میں اسکے تین ایڈیشن شائع ہوئے ہیں۔ جو کہ مرتب کے لئے باعث سرفرازی اور وجہ اجر وثواب ہے علاوہ ازیں آپ نے زر کثیر صرف کرکے اس کی اشاعت کا بوجھ سنبھالا۔ اور عامۃ المسلمین تک بغیر کسی معاوضے کے ملک وبیرون ملک ہزاروں کی تعداد میں اس کے نسخے مفت تقسیم کرائے۔ چنانچہ مرتب کتاب رقم طراز ہیں اب تک اندرونی اور بیرونی ممالک میں ہزاروں کتابیں مفت تقسیم ہوچکی ہیں۔ اور سٹاک میں تقسیم کے لئے کافی موجود بھی ہیں، شائقین اس سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

ہر طبقہ کے مقتدر اہل علم حضرات کی طرف سے اس کتاب پر تعریفی کلمات اور اس کے متعلق توصیفی سندات اس

© rasailojaraid.com